| Narration | Time |
|---|---|
| 'Fill color and stroke' Inkscape کا استعمال کرتے ہوئے پر اسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. | 00:00 |
| اس ٹیوٹوریل میں ہم سیکھیں گے<br>آبجیکٹ میں رنگ بھرنا<br>آبجیکٹ کو آوٹ لائن دینا<br>مختلف قسم کے 'gradients'<br>اور Stroke paint اور style | 00:06 |
| اس ٹیوٹوریل کے لئے، میں استعمال کر رہا ہوں اُبنٹو لینکس OS 12.04<br>'Inkscape' ورژن 0.48.4 | 00:20 |
| 'Inkscape' کھولیں . اس کے لئے، ڈیش ہوم پر جائیں اور ٹائپ کریں 'Inkscape' | 00:29 |
| آپ logo پر کلک کر کے 'Inkscape' کھول سکتے ہیں. | 00:35 |
| 'Assignment.svg' فائل کھولیں، جسے ہم نے پہلے بنایا۔ میں نے اسے اپنے ڈاکومنٹ فولڈر میں سیو کیا ہے. | 00:40 |
| یہ تین شکلیں ہیں جنہیں ہم نے گزشتہ مشق میں بنایا تھا. | 00:50 |
| یاد کریں کہ ہم نے interface کے نچلے حصے پر 'color palette' کا استعمال کرتے ہوئے رنگ کو تبدیل کرنا سیکھا تھا. | 00:54 |
| اب ہم سیکھیں گے کہ 'Fill and Stroke' کا استعمال کرتے ہوئے مختلف قسم کے رنگوں کو کس طرح بھریں. | 01:01 |
| Object مینیو پر جائیں اور ڈراپ ڈاؤن فہرست سے 'Fill and Stroke' پر کلک کریں. | 01:08 |
| نوٹ کریں کہ 'Fill and Stroke' ڈائیلاگ باکس interface کے دائیں طرف کھلا ہوا ہے. | 01:13 |
| یہاں اس ڈائیلاگ باکس میں 3 ٹیبز ہیں 'Fill ، 'Stroke paint' اور 'Stroke style' | 01:20 |
| اب، ہم canvas ایریا میں ریکٹینگل یعنی مستطیل پر کلک کریں گے . دیکھیں کہ 'Fill and stroke' ڈائیلاگ باکس میں آپشنس اور آئکن انیبل یعنی فعال ہوتے ہیں. | 01:27 |
| پہلے ہم Fill ٹیب کے بارے میں سیکھیں گے. | 01:38 |
| دیکھیں کہ یہاں Fill ٹیب کے نیچے 6 آئکنس ہیں . سیکھتے ہیں کہ یہ آئکنس کیا کرتے ہیں. | 01:41 |
| پہلا آئکن 'No paint' کہلاتا ہے . یہ اشارہ دیتا ہے کہ آبجیکٹ کسی بھی رنگ سے نہیں بھرا جائے گا. | 01:48 |

| | |
|---|---|
| 01:56 | آئکن پر کلک کریں اور ریکٹینگل میں تبدیلی کو دیکھیں . ریکٹینگل کا رنگ ہٹ گیا ہے. |
| 02:03 | اگلا آئکن 'Flat color' ہے . یہ آبجیکٹ میں ٹھوس رنگ بھرنے میں مدد کرتا ہے. |
| 02:11 | 'Flat color' آئکن پر کلک کریں اور ریکٹینگل کی شکل میں رنگ کی تبدیلی کے لیے دیکھیں. |
| 02:17 | 'Flat color' کے نیچے، دیکھیں کہ یہاں 5 سب-ٹیبز ہیں. |
| 02:21 | ڈفالٹ طور پر RGB ٹیب منتخب ہے. |
| 02:25 | RGB ٹیب کے اندر، یہاں 4 sliders ہیں. |
| 02:29 | پہلے تین sliders ، Red, Green اور Blue رنگوں کی intensity یعنی شدت کی عکاسی کرتے ہیں. |
| 02:36 | ہم ان sliders کو دائیں یا بائیں سمت میں لے جا کر رنگ تبدیلی کر سکتے ہیں . ریکٹینگل میں رنگ کی تبدیلی کو دیکھیں جیسے میں نے کیا. |
| 02:46 | چوتھا سلائیڈر Alpha سلائیڈر ہے . اس کے ساتھ، ہم رنگ کی opacity یعنی شفافیت کی سطح، opaque یعنی غیر شفاف سے پوری شفافیت میں کم کر سکتے یا بڑھا سکتے ہیں. |
| 02:57 | جیسے ہی میں ان 4 sliders کو موو کرتا ہوں، دیکھیں کہ اس باکس میں دکھائے گئے رنگ کی RGBA ویلیو خود کار طریقے سے بدل جاتی ہے. |
| 03:06 | میں sliders کو دوبارہ موو کرتا ہوں، تا کہ آپ اس بدلاؤ کو دیکھ سکیں. |
| 03:12 | ہم sliders کے دائیں طرف پر باکس میں ہر رنگ کی ویلیو کو تبدیل کر کے رنگ کو خود بخود تبدیل کر سکتے ہیں. |
| 03:20 | میں سرخ رنگ کی ویلیو 100، سبز کو 50 اور نیلے رنگ کی ویلیو کو 150 سے بدلتا ہوں . دیکھیں کہ ریکٹینگل کا رنگ اب جامنی رنگ میں تبدیل ہو گیا ہے. |
| 03:32 | میں Alpha کی سطح کو 255 کرتا ہوں کیونکہ میں opacity (دھندلا پن) کی سطح کو کم نہیں کرنا چاہتا. |
| 03:40 | اگلا ٹیب HSL ہے اور یہ بالترتیب 'Hue'، 'Saturation' اور 'Lightness' کے لئے ہے. |
| 03:49 | ہم بنیادی رنگ کے لئے Hue کا استعمال کر سکتے ہیں . میں سبز رنگ کی بنیادی سطح کو حاصل کرنے کے لئے سلائیڈر بائیں طرف لے جاتا ہوں. |
| 03:59 | ہم Saturation سلائیڈر کا استعمال کرتے ہوئے بنیادی رنگ کی saturation کو adjust یعنی ٹھیک کر سکتے ہیں. |
| 04:04 | سلائیڈر دائیں اور بائیں جانب لے جا کر saturation کی سطح میں تبدیلی کو دیکھیں. |

| | |
|---|---|
| 04:12 | Lightness سلائیڈر بنیادی رنگ کی چمک کو ایڈجسٹ کرتا ہے. |
| 04:16 | اس آپشن کے ساتھ ہم بنیادی رنگ کی شیڈ کو مکمل سفید، مکمل سیاہ یا درمیان میں کسی بھی شیڈ میں تبدیل کرسکتے ہیں. |
| 04:26 | پہلے کی طرح، Alpha سلائیڈر کا استعمال opacity کی سطح کو غیر شفاف سے شفافیت میں کمی یا بڑھانے کے لئے کیا جاتا ہے. |
| 04:35 | اگلا ٹیب CMYK ہے جو بالترتیب 'Cyan، Magenta، Yellow اور 'Black کو ظاہر کرتا ہے. |
| 04:44 | ان sliders کو موو کر کے، ہم بنیادی رنگ کی شدت کو گھٹا یا بڑھا سکتے ہیں. |
| 04:52 | یہ کلر مکسنگ یعنی رنگوں کے اختلاط کا آپشن مفید ہے، جب ڈیزائن پروجیکٹس، تجارتی پریس پر پرنٹ کرنے ہوتے ہیں. |
| 05:00 | اگلا Wheel ٹیب ہے . یہ HSL کلر مکسر کا ایک متبادل ریپریزنٹیشن یعنی نمائندگی ہے. |
| 05:07 | ہم کلر رنگ پر کلک کر کے بنیادی hue منتخب کر سکتے ہیں، جو اسٹینڈرڈ کلر ویل پر مبنی ہے. |
| 05:14 | تو میں پیلے رنگ کے بنیادی سطح کو منتخب کرنے کے لئے پیلے رنگ کے شیڈ پر کلک کروں گا. |
| 05:19 | رنگ کے دائرے کے اندر ایک تکون ہے جسکے اندر ایک چھوٹا سا دائرہ ہے .اس پر کلک کریں اور اسے تکون کے اندر ڈریگ کریں اور ریکٹینگل میں رنگ کی تبدیلی دیکھیں. |
| 05:31 | 'CMS' ٹیب میں حقیقی دلچسپی صرف رنگوں کو منظم کرنے کا کام کرنے والے لوگوں کو ہی ہوگی. |
| 05:38 | اب کے لئے، ہم اس ٹیب کو چھوڑ دیں گے. |
| 05:43 | پھر، سیکھتے ہیں کہ 'Linear gradient' کس طرح بناتے ہیں. |
| 05:47 | کینوس پر جائیں اور دائرے پر کلک کریں. |
| 05:50 | اب 'Fill and Stroke' ڈائیلاگ باکس پر واپس آئیں اور 'Linear gradient' آئکن پر کلک کریں. |
| 05:57 | دائرے میں gradient کے بھرنے پر توجہ دیں. |
| 06:00 | gradient کو نام دیا جائے گا جس کے آخر میں بے ترتیب اعداد کا ایک تسلسل ہوگا. |
| 06:05 | میرے interface میں تعداد linearGradient3794 ہے . آپ کے پاس یہ مختلف ہوسکتا ہے. |
| 06:14 | ہم Edit کے بٹن پر کلک کر کے gradient تبدیل کر سکتے ہیں جو 'linear gradient' نمبر بٹن کے دائیں اور نیچے کی طرف ہے. |
| 06:21 | 'Gradient editor' ڈائیلاگ باکس ظاہر ہوگا. |
| 06:26 | اس باکس میں سب سے اوپر کچھ بے ترتیب اعداد کے بعد stop بٹن ہے اور اس میں ڈراپ ڈاؤن مینو ہے. |

| | |
|---|---|
| 06:34 | اگر آپ اس ڈراپ ڈاؤن ایریو پر کلک کرتے ہیں، آپ دو stop آپشنس دیکھیں گے. |
| 06:39 | پہلا مکمل بنیادی رنگ کی عکاسی کرتا ہے. دوسرا 'half checker board ہے، جو ظاہر کرتا ہے کہ یہ شفاف ہے. |
| 06:48 | دوسرے آپشن کو منتخب کریں، جو کہ شفاف stop آپشن ہے. |
| 06:53 | نیچے 'Stop Color' پر جائیں RGB ویلیو کو جس رنگ میں آپ چاہتے ہیں سلائیڈر موو کر کے تبدیل کریں. |
| 07:00 | gradient مکمل طور پر نظر آنے کے لئے Alpha ویلیو کے طور پر 255 رکھیں۔ 'Gradient editor' ڈائیلاگ باکس بند کریں. |
| 07:09 | اب ہم 'gradient' اینگل تبدیل کر سکتے ہیں. ایسا کرنے کے لئے interface کے بائیں جانب پر ٹول باکس سے Node ٹول پر کلک کریں. یہ Selector ٹول کے نیچے دائیں طرف ہے. |
| 07:21 | یہ اس دائرے پر ایک لائن کو ظاہر کرے گا. یہ لائن gradient کی عکاسی کرتی ہے. |
| 07:29 | یہ اس وقت دائرے کے square handle اور arc handles سے اوورلیپ کرتے ہیں |
| 07:34 | ہمیں gradient line handles کو تھوڑا موو کرنا ہوگا، تا کہ ہم handles اچھے سے دیکھ سکیں |
| 07:40 | gradient کے آغاز اور اختتامی مقام کو بدلنے کے لئے circular handle یا square handle پر کلک کر کے ڈریگ کریں |
| 07:50 | جیسا دکھایا گیا ہے اس طرح سے ہم circular arc ہینڈل کو موو کر gradient کی سمت کو بھی تبدیل کر سکتے ہیں. |
| 07:58 | اب سیکھتے ہیں کہ 'Radial gradient' کا استعمال کیسے کریں. آئکن پر کلک کریں اور دائرے میں gradient کی تبدیلی کو دیکھیں. |
| 08:06 | 'Radial gradient' سرکیولر شکل میں بنتا ہے. |
| 08:10 | 'square arc handle' 1 اور 'circular arc handles' 2 پر توجہ دیں |
| 08:15 | gradients کے شروعاتی نقطہ کو موو کرنے کے لئے بیچ کے 'square arc handle' پر کلک کریں. میں اسے نیچے بائیں طرف موو کروں گا. |
| 08:22 | 'gradient' میں تبدیلی کرنے کے لئے کسی بھی 'circular arc handle' پر کلک کریں اور ڈریگ کریں. |
| 08:28 | 'gradient' کی شکل کی اونچائی اور چوڑائی میں تبدیلی دیکھیں. |
| 08:37 | ہم ٹول باکس میں بھی 'Gradient tool' پا سکتے ہیں. |
| 08:42 | اس پر کلک کریں اور سرکل یعنی دائرے میں واپس آئیں. |

| | |
|---|---|
| 08:45 | نوٹ کریں کہ کرسر اب کیپٹل I کے ساتھ پلس نشان میں تبدیل ہو گیا ہے. |
| 08:51 | اب، دائرے کے اندر کہیں بھی کلک کریں اور ڈریگ کریں،۔ 'gradient' میں تبدیلی کو دیکھیں. |
| 09:00 | اب، دائرے کے باہر کہیں بھی کلک کریں اور ڈریگ کریں. |
| 09:04 | 'gradient' میں تبدیلی کو دیکھیں. |
| 09:06 | آگے ہم سیکھیں گے کہ شکلوں پر مختلف پیٹرنس کیسے چڑھائیں. |
| 09:11 | 'Tool box' پر جائیں، 'Selector' ٹول پر کلک کریں اور پھر اسٹار شکل پر کلک کریں. |
| 09:17 | 'Fill and stroke' ڈائیلاگ باکس میں، 'Pattern' آئکن پر کلک کریں . نوٹ کریں کہ سٹار کا رنگ سٹرائپ پیٹرن میں تبدیل ہو گیا ہے. |
| 09:26 | یہاں 'Pattern fill' میں ڈراپ ڈاؤن مینیو ہے، دستیاب پیٹرن کو دیکھنے کے لئے ایروز پر کلک کریں. |
| 09:32 | 'Checkerboard' پر کلک کریں اور سٹار شکل میں تبدیلی دیکھیں . آپ یہاں دکھائے گئے کسی بھی دستیاب پیٹرن کا استعمال کر سکتے ہیں. |
| 09:44 | ہم 'Swatch' کے بارے میں دیگر ٹیوٹوریل میں سیکھیں گے. |
| 09:48 | 'Unset paint' نامی آخری آئکن کا استعمال منتخب آبجیکٹ کو سیاہ میں انسیٹ یا تبدیل کرنے کے لئے کیا جاتا ہے. |
| 09.54 | آئکن پر کلک کریں اور سٹار میں رنگ کی تبدیلی کے لیے دیکھیں . یہ سیاہ میں تبدیل ہو گیا ہے. |
| 10:01 | اب، سیکھتے ہیں کہ ایک آبجیکٹ کو stroke یا آؤٹ لائن کس طرح دیں . ایسا کرنے کے لئے، ہمیں 'Stroke paint' ٹیب کا استعمال کرنا پڑے گا. |
| 10:09 | اب 'Stroke paint' کے ٹیب پر کلک کریں اور ریکٹینگل پر کلک کریں. |
| 10:14 | 'Stroke paint' کے ٹیب میں آئکنس 'Fill' ٹیب کے آئکنس کے جیسے ہی ہیں. |
| 10:19 | اور وہ اسی طرح کام بھی کرتے ہیں. |
| 10:22 | پہلے آئکن کے ساتھ، جو کہ 'No paint' ہے ہم شکل کی آؤٹ لائن کو حذف کرتے ہیں. |
| 10:26 | پھر ہم 'Flat color' آئکن پر کلک کرتے ہیں . ہم مستطیل شکل کے اردگرد ایک سیاہ آؤٹ لائن دیکھتے ہیں. |
| 10:33 | ہم 'Stroke style' ٹیب کا استعمال کرتے ہوئے، آؤٹ لائن کی موٹائی کم یا بڑھا سکتے ہیں. |
| 10:44 | width پیرامیٹر 10 رکھیں . ہم اپنی ضرورت کے مطابق یونٹس کو percentage، point وغیرہ میں بھی تبدیل کر سکتے ہیں. |

| | |
|---|---|
| 10:54 | میں یونٹ 'Pixels' رکھوں گا. |
| 10:56 | واپس 'Stroke paint' کے ٹیب پر جائیں . ہم RGB ٹیب میں سلائیڈر موو کر کے سٹروک کا رنگ تبدیل کر سکتے ہیں. |
| 11:04 | آؤٹ لائن میں رنگ کی تبدیلی کو دیکھیں، جیسا کہ میں نے کیا ہے. |
| 11:09 | خود سے دیگر 'Flat color' آپشنس دیکھیں، جیسے 'HSL'، CMYK، 'Wheel' اور 'CMS' |
| 11:17 | اب، میں 'Linear gradient' پر کلک کرتا ہوں . یہ مستطیل شکل کو gradient آؤٹ لائن دیتا ہے. |
| 11:24 | gradients جنہیں ہم نے پہلے استعمال کیا، یہاں ڈراپ ڈاؤن فہرست میں دکھائی دیں گے۔ ہم ان میں سے کسی کا بھی استعمال کر سکتے ہیں. |
| 11:32 | میں ریکٹینگل کو سرخ اور نیلا 'gradient' آؤٹ لائن دیتا ہوں. |
| 11:38 | اسی طرح سے، ہم باقی سٹروک آپشنس کا استعمال کر سکتے ہیں اور آپ آبجیکٹ کو کچھ دلچسپ پیٹرنس اور gradient آؤٹ لائنس دے سکتے ہیں. |
| 11:46 | اب ہم 'Stroke style' کے بارے میں سیکھیں گے . اس پر کلک کریں. |
| 11:50 | ہم پہلے ہی سیکھ چکے ہیں کہ سٹروک کی چوڑائی کو کس طرح بدلیں. |
| 11:54 | اب، 3، Join آپشن دیکھتے ہیں، 'Miter join'، 'Round join' اور 'Bevel join'۔ ڈیفالٹ طور پر سٹروک 'Miter join' میں ہے. |
| 12:08 | میں اچھی طرح سے دیکھنے کے لئے ریکٹینگل کے کسی ایک کونے پر زوم ان کرتا ہوں. |
| 12:12 | اب، سٹروک کو گول کنارے دینے کے لئے 'Round join' پر کلک کریں . سٹروک کے کنارے میں تبدیلیوں کو دیکھیں. |
| 12:21 | اب Bevel کنارے بنانے کے لئے 'Bevel join' آپشن پر کلک کریں. |
| 12:26 | Dashes ڈراپ ڈاؤن مینیو میں مختلف ڈیش پیٹرنس دستیاب ہیں . ان کا استعمال کرتے ہوئے، ہم سٹروک کو مختلف ڈیش پیٹرنس دے سکتے ہیں اور مختلف چوڑائی بھی دے سکتے ہیں. |
| 12:38 | اگلا 'Cap' آپشن ہے . یہ بنیادی طور پر لائن سٹروکس پر کام کرتا ہے. |
| 12:44 | 'Tool box' پر جائیں، 'Freehand' ٹول پر کلک کریں۔ 'Freehand' ٹول کی مدد سے ایک لائن ڈرا کریں. |
| 12:50 | اب، لائن کے آخر میں زوم ان کریں. |
| 12:54 | ڈفالٹ طور پر، 'Butt cap' منتخب ہے اور یہ آخری حصے کو چپٹا کنارا دیتا ہے. |

| | |
|---|---|
| 12:59 | اب میں گول کنارے دینے کے لئے 'Round cap' پر کلک کرتا ہوں. |
| 13:04 | اگلا 'Square cap' ہے، جو کہ لائن کے سروں کو توسیع کردہ چپٹا کنارا دیتا ہے. |
| 13:13 | 'Dashes' ٹیب کے نیچے 3 Markers ہیں جو path کے وسط میں مارکرس رکھتے ہیں. |
| 13:20 | دستیاب فہرست دیکھنے کے لئے مارکر کے ہر ڈراپ ڈاؤن مینیو پر کلک کریں. |
| 13:25 | 'Start Markers' میں، میں 'Torso' چنتا ہوں. |
| 13:29 | 'Mid markers' کے طور پر ہم Curvein چنیں گے. |
| 13:33 | 'End Marker' کے لئے ہم 'Legs' چنیں گے. |
| 13:39 | کینوس پر بنے کارٹون کی شکل دیکھیں. |
| 13:44 | آخر میں، 'Fill and stroke' ڈائیلاگ باکس کے نچلے حصے میں 2 sliders، 'Blur' اور 'Opacity' پر توجہ دیں. |
| 13:53 | پہلے ریکٹینگل کو پھر سے منتخب کریں. |
| 13:56 | 'Blur' سلائیڈر کا استعمال آبجیکٹ کو بلر اِفیکٹ دینے کے لئے کیا جاتا ہے . میں سلائیڈر پر کلک کروں گا اور اسے دائیں طرف لے جاؤں گا. |
| 14:04 | دیکھیں کہ ریکٹینگل بلر ہو رہا ہے، جیسے ہی میں سلائیڈر کو زیادہ سے زیادہ دائیں طرف لے جاتا ہوں. |
| 14:15 | 'Opacity' سلائیڈر کا استعمال شکل کو ٹرانسپیرینسی یعنی شفافیت دینے کے لئے کیا جاتا ہے . سلائیڈر دائیں طرف مووکریں اور شکل میں تبدیلی کو دیکھیں. |
| 14:27 | مختصر میں، اس ٹیوٹوریل میں ہم نے سیکھا |
| 14:31 | Fill and Stroke آپشنس کا استعمال کرتے ہوئے آبجیکٹ میں رنگ بھرنا،<br>شکل کو سٹروکس اور آؤٹ لائن دینا.<br>مختلف قسم کے Gradients اور<br>Stroke paint اور Stroke Styles |
| 14:44 | یہاں آپ کے لئے ایک مشق ہے. |
| 14:47 | 1۔ 5 پکسلز کی چوڑائی کے نیلے سٹروک کے ساتھ سرخ اور پیلے رنگ کے 'Linear gradient' سے بھرا ہوا، ایک پالی گن بنائیں. |

| | |
|---|---|
| 14:57 | 2۔ 'Wavy' پیٹرن کے ساتھ ایک ellipse یعنی بیضوی شکل بنائیں اور 'opacity' کو 70% کریں. |
| 15:04 | 3۔ 'Start Markers' کو 'Arrow1Lstart' اور 'End Markers' کو 'Tail' کے ساتھ 10 کی چوڑائی والی ایک لائن بنائیں. |
| 15:15 | مکمل مقررہ کام اس طرح نظر آنا چاہئے. |
| 15:18 | مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ویڈیو دیکھیں، یہ اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ کرتا ہے . اچھی بینڈوڈتھ نہ ملنے پر آپ اسے ڈاؤن لوڈ کر کے دیکھ سکتے ہیں. |
| 15:28 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹیم ورکشاپ چلاتی ہے اور آن لائن ٹیسٹ پاس کرنے والوں کو سند بھی دیتے ہیں. |
| 15:37 | مزید معلومات کے لئے، Spoken - Tutorial.org پر رابطہ کریں . اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹاک ٹو اے ٹیچر پروجیکٹ کا حصہ ہے . اسے بھارتی حکومت کے ایم ایچ آر ڈی کے آئی سی ٹی کے ذریعے قومی خواندگی مشن کی طرف سے حمایت حاصل ہے. |
| 15:55 | اس مشن پر مزید معلومات spoken-tutorial.org/NMEICT-intro پر دستیاب ہے. |
| 16:0 | اس اسکرپٹ کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاہت احمد نے کی ہے، شامل ہونے کیلئے آپکا شکریہ۔ |